© rasailojaraid.com



عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

❑ نیب نے چینی کے بحران کی تحقیقات ختم کر دیں۔ انکوائری ختم کرنے سے قیمتوں میں کمی ہوگی۔ (ایک خبر)

● کیونکہ ان میں کچھ پردہ نشینوں کے بھی نام آ رہے تھے۔

❑ برازیل میں طوائفیں اپنا ریڈیو سٹیشن قائم کریں گی۔ (ایک خبر)

● اب ہیجڑے اپنا ٹی وی چینل قائم کر سکتے ہیں!

❑ صدر بش کی حفاظت کے لیے لائے جانے والے ۱۶۵ امریکی کتے نئی دہلی کے فائیو سٹار ہوٹل میں ٹھہرے ہیں۔ (ایک خبر)

● لوگ تو اُسے ''امریکی کتوں کا ہوٹل'' کہتے ہوں گے!

❑ جعلی لیبر آفیسر بن کر دکانداروں کو لوٹنے والا گرفتار۔ (ایک خبر)

● اصلی لیبر آفیسر کا حق کھا رہا تھا!

❑ اسلامیات کا انتہا پسندی سے پاک نصابِ تعلیم تیار کر رہے ہیں۔ (صدر پرویز مشرف)

● اس کے باوجود بُش خوش نہیں ہوگا۔ جب بھی داؤ لگے گا مارے گا۔

❑ پتنگ بازی سے واپڈا کو دو دن میں ۳۹ کروڑ کا نقصان، ۷ جانیں ضائع، ۱۱ زخمی، قاتل کس کو ٹھہرائیں؟ (والدین)

● جو جشن بہاراں کے نام پر بسنت کی سرپرستی کر رہے ہیں۔

❑ بش نے پاکستان کو کچھ نہیں دیا۔ کرکٹ کھیل کر چلے گئے۔ (نوابزادہ منصور احمد خان)

● لوگ تو سوچتے ہوں گے کہ سویرا ہو گا
کیا خبر اور یہاں کتنا اندھیرا ہو گا

❑ روٹی کی قیمت اڑھائی روپے، لکڑی ۱۵۰ روپے من، سیمنٹ کی بوری ۳۲۴ روپے، چینی ۴۲ روپے کلو، آٹا ۱۶ روپے کلو۔ (ایک خبر)

● غربت کے گراف میں کمی کا منہ بولتا ثبوت!

❑ طالبان اور القاعدہ مذہب کے نام پر عوام کے قتل میں ملوث ہیں۔ (بش کرزئی مشترکہ پریس کانفرنس)

● اور بش کروسیڈ (صلیب) کے نام پر لاکھوں مسلمانوں کے قتل میں ملوث ہے۔

❑ پنجاب میں پتنگ بازی پر پابندی، عوام کی جانوں سے کھیلنے والوں کو کچل دیں گے۔ (پرویز الٰہی)

● صدر لاہور آ کر بسنت منائیں گے۔ اپوزیشن کو تکلیف ہے تو روک لے۔ (راجہ بشارت)

© rasailojaraid.com